بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ


# وفاق المدارس العربیہ پاکستان
# Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525
فیکس نمبر: 6539485 -061


حوالہ نمبر: AM-5475-1436

تاریخ: 04-11-2015
21-01-1437

## گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
امید ہے مزاج گرامی بخیر وعافیت ہونگے!

ایک عرصہ سے اس بات کی ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ تمام ملحق مدارس وجامعات کے تفصیلی کوائف از سرنو جمع کیے جائیں تاکہ تازہ ترین معلومات وفاق کے ریکارڈ میں آجائیں۔ چنانچہ وفاق المدارس کی مجلس عاملہ وشوریٰ نے اپنے اجلاس منعقدہ 24 رجب المرجب 1436ھ مطابق 13 مئی 2015ء میں تمام مدارس وجامعات کی تجدید الحاق کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلہ میں ایک نیا جامع الحاق فارم مرتب کیا گیا۔ جس میں تمام مطلوبہ کوائف کا احاطہ کیا گیا ہے۔ امسال تجدید الحاق یکم صفر المظفر تا 15 ربیع الاول 1437ھ ہورہی ہے۔ جبکہ نئے مدارس وجامعات کے الحاق شوال المکرّم تا 30 ربیع الاول ہونگے اور تجدید الحاق، ترقی الحاق وبحالی الحاق کا کام پورا سال جاری رہے گا۔

وفاق کے کام میں وسعت اور مدارس کے مسائل حل کرنے کے لئے صوبائی سطح پر ناظمین ومعاون ناظمین کا تقرر کیا گیا ہے۔ آپ اپنے مسائل کے حل کے لئے ناظمین سے رابطہ فرمائیں (ناظمین کی فہرست مع موبائل نمبر وای میل ایڈریس ماہنامہ وفاق میں شائع کی جارہی ہے)۔ تجدید الحاق کا کام بھی انہی کی نگرانی میں ہوگا۔

چنانچہ نیا الحاق فارم ارسال خدمت ہے۔ نیا فارم تمام مدارس وجامعات کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا ہے۔ اس لئے آپ کے ادارے میں جو شعبہ جات ہوں ان کے متعلقہ کوائف درج کیے جائیں اور جو شعبے نہ ہوں ان کے سامنے تحریر کردیا جائے کہ یہ شعبہ ہمارے ہاں نہیں ہے۔ الحاق فارم میں تمام کوائف واضح اور خوشخط تحریر فرمائیں۔ نیز اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوائف حقیقت پر مبنی ہوں۔ فارم الحاق پُر کر کے رکھیں، وفاق کی معائنہ ٹیم مدرسہ / جامعہ کا معائنہ کرے گی اور مندرجات کے بارے میں مکمل چھان بین اور اطمینان حاصل کرے گی۔ معائنہ ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون فرمائیں اور ادارے کا مفصل معائنہ کروائیں۔ الحاق فارم کے ساتھ کوائف نامہ اساتذہ، طلبہ وشاخہائے پُر کر کے لف کریں۔ سابقہ سند الحاق، تجدید الحاق فیس اور آڈٹ رپورٹ بھی جمع کروانا ضروری ہے۔ تاہم اگر آڈٹ رپورٹ ابھی تیار نہ ہو تو بعد میں مرکزی دفتر وفاق کو ارسال کریں۔ واضح رہے کہ آڈٹ رپورٹ وصول ہونے تک سند الحاق موقوف رہے گی۔ نیز اگر سرکاری رجسٹریشن ہوچکی ہو تو اس کی نقل بھی جمع کروائیں۔ اگر رجسٹریشن نہ ہوئی ہو تو اس کے لئے کوشش فرمائیں۔ معائنہ ٹیم کو آمد وخرچ کا حساب، رجسٹر حاضری، رجسٹر داخلہ وخارجہ اور مہمانوں کے اندراج کا رجسٹر بھی ملاحظہ کروائیں۔ فارم کے بارے میں کوئی الجھن ہو تو متعلقہ مسئول سے رہنمائی حاصل کریں۔ الحاق فارم کی ایک نقل اپنے پاس بھی محفوظ فرمالیں۔ پُر کئے گئے الحاق فارم کا نمونہ وفاق کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ ماہ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ کے شمارہ "ماہنامہ وفاق المدارس" میں بھی شائع کیا جارہا ہے۔

اپنے ادارے کے مکمل نظم کو شفاف تر بنانے کی سعی فرمائیں تاکہ ناقدین کو ہم پر انگلی اٹھانے کا موقع نہ ملے۔ مدارس کا تحفظ واستحکام اور وفاق کی بقاء ہمارے اتحاد اور تنظیم میں ہے۔ یقیناً آپ اپنے ادارے کے معیار اور وفاق کے وقار وسربلندی کے لئے کوشاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام

سلیم اللہ خان

(الشیخ مولانا) سلیم اللہ خان
صدر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مولانا) محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

نقل برائے☆ ۱۔معزز اراکین عاملہ ۲۔ناظمین وفاق ۳۔مسئولین وفاق